# ترکی اور اردو زبانوں میں استعمال ہونے والے مشترکہ حروفِ رابطہ اور حروف فجائیہ پر ایک تحقیق*


**Aykut Kişmir****
**Elif Öcalmış*****
**Emel Siylim Başarır******



خلاصہ

زبانوں کے درمیان عام الفاظ اور گرامر کی مماثلت زبانوں کے ایک دوسرے کے ساتھ تعامل کو بڑھاتی ہے۔ اس سے زبان سیکھنے کے عمل میں بھی تیزی آتی ہے۔ عربی اور فارسی سے گرامر کے اصول صدیوں پر محیط عرصے میں دینِ اسلام کے زیرِ اثر ترکی اور اردو میں منتقل ہوچکے ہیں۔ "اردو" جسے قدیم ترک زبان میں اوردو/ اردو کہتے ہیں۔ جس کے معنی "کیمپ" یا "قلعہ" کے ہیں۔ یہی اردو زبان آج برصغیر پاک و ہند کے بہت سے حصوں میں مختلف ثقافتوں میں رابطے کا ایک اہم ذریعے کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔ مختلف ثقافتوں کے بقائے باہمی کے نتیجے میں، کچھ تعاملات نہ صرف ثقافتی عناصر میں بلکہ زبان کے استعمال کے شعبوں میں بھی ہوتے ہیں۔ ان تعاملات کے نتیجے میں، اگرچہ وہ مختلف زبانوں کے خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں، عام استعمال کے علاقوں کا براہ راست شکل اور معنی کے لحاظ سے سامنا کرنا پڑتا ہے۔

ادب کے سائنسی مطالعے سے پتا چلتا ہے کہ ترکی اور اردو زبانوں کے درمیان آج کل استعمال ہونے والے عام الفاظ زیادہ تر عربی اور فارسی کے ہیں۔

اس تحقیق میں ترکی اور اردو زبان میں استعمال ہونے والے مشترکہ "حرف ربط" اور "حرفِ ندا" پر زور دیا گیا ہے۔ جدول کی شکل میں دیے گئے جملوں کی مثالوں سے اور آواز کی تبدیلیوں کی طرف توجہ مبذول کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔اس مطالعے کا مقصد نمونے لینے کے طریقہ کار کو استعمال کرتے ہوئے ترکی اور اردو زبانوں کے درمیان تعامل کو پہنچانا تھا، جو کہ تحقیقی طریقوں میں سے ایک ہے۔



**کلیدی الفاظ** : لسانیات ،ترکی ، اردو ، حرفِ ندا ،حرف ربط





* Araştırma makalesi/Research article; DOİ: 10.32330/nusha.1328869



** Doç.Dr., Ankara Üniversitesi, kismir@ankara.edu.tr, Orcid:0000-0003-3686-9229, Ankara, Türkiye.

*** Öğr.Gör., Ankara Üniversitesi, eocalmis@ankara.edu.tr, Orcid:0000-0002-2321-1025, Ankara, Türkiye.

**** Öğr.Gör.,Ankara Üniversitesi, esiylim@ankara.edu.tr, Orcid: 0000-0002-2948-3320,Ankara,Türkiye.



Makale Gönderim Tarihi: 17.07.2023
Makale Kabul Tarihi : 09.11.2023

# Türkçe ve Urdu Dilinde Müşterek Kullanılan Bağlaç ve Ünlemler Üzerine Bir İnceleme

**Öz**

Diller arasında ortak kelimelerin ve dilbilgisel açıdan benzerliklerin bulunması, dillerin birbiriyle olan etkileşimini artırmakta, dilin öğrenilme sürecini hızlandırmaktadır. Yüzyıllar içinde İslam dininin etkisiyle Arapça ve Farsçadan pek çok dilbilgisi unsuru Türkçe ve Urdu diline geçmiştir. Eski Türkçede ordo/ ordu kelimesinden gelen Urdu, "hakanın konağı", "ordugâh" anlamına gelmektedir. Günümüzde Hindistan Alt-Kıtası'nın pek çok yerinde farklı kültürlerin ortak iletişim aracı olarak karşımıza çıkmaktadır. Farklı kültürlerin bir arada yaşaması sonucunda yalnızca kültürel ögelerde değil dilin kullanım alanlarında da birtakım etkileşimler meydana gelmektedir. Bu etkileşimler neticesinde, farklı dil ailelerine mensup olunmasına rağmen doğrudan doğruya biçimsel ve anlamsal açıdan ortak kullanım alanlarına rastlanmaktadır. Türkçe ve Urdu dili arasında günümüzde kullanılan ortak kelimeler ile ilgili alanyazında yapılan bilimsel çalışmalar, çoğunlukla kelimelerin Arapça ve Farsça kökenli olduğunu göstermektedir. Kullanım açısından ortak kelime, deyim ve atasözlerinin yanısıra bazı ekler, ünlemler ve bağlaçlar da hem Urdu dilinde hem de Türkçede birebir aynı anlamda kullanılmaktadır. Bu çalışmada, Türkçe ve Urdu dilinde kullanılan anlamca ilgili tümceleri, kavramları birbirine bağlayan ortak bağlaçlar ve duygu durumlarını anlatan ya da bir doğa sesini yansıtan ortak ünlemler üzerinde durulmuş; tablolar halinde verilen tümce örnekleri ile ses değişimleri ve anlam değişimlerine dikkat çekilmeye çalışılmıştır. Çalışmada nitel araştırma yöntemlerinden biri olan örneklem yöntemi kullanılarak Türkçe ve Urdu dili arasındaki etkileşimin aktarılması amaçlanmıştır.

**Anahtar Kelimeler**: Dilbilim, Türkçe, Urdu, ünlem, bağlaç



## A Research on Conjunctions and Interjections Jointly Used in Turkish and Urdu

**Abstract**

Common words and grammatical similarities between languages, increase the interaction of languages with each other and accelerate the language learning process. Over the centuries, many grammatical subjects from Arabic and Persian have been transferred to Turkish and Urdu under the influence of the religion of Islam. Urdu, which comes from *ordo/ordu* in Old Turkic, means *khan's mansion, military camp.* Nowadays, Urdu language appears as a common means of communication of different cultures in many parts of the Indian Subcontinent. As a result of different cultures living together not only in cultural facts but also in the areas of using languages occurs a couple of interactions. As a consequence of the interactions, despite belonging to different

language families, common areas are directly discovered in terms of stylistic and semantic. Scientific studies in the literature show that the common words used today between Turkish and Urdu languages are mostly of Arabic and Persian origin. In terms of using as well as common word, idiom and proverbs, also some appendices, exclamations and conjunctions in both Urdu and Turkish Languages are directly used in the same meaning. This study put emphasis on the common conjunctions that connect the sentences and concepts related to the meaning used in Turkish and Urdu languages and common exclamations that describe emotional states or reflect a nature sound; it was tried to draw attention to sound changes and meaning changes with the examples of sentences given in the form of tables. This study aims to transferring the interactions between Turkish and Urdu languages by using sampling method which is one of the qualitative research methods.

**Keywords:** Linguistics, Turkish, Urdu, exclamation, conjunction

**Structured Abstract**

The presence of common words and grammatical similarities between languages increases the interaction of languages with each other and accelerates the language learning process. In order to enhance language acquisition in new learners, the similarities of the common culture and language are used in language instruction. In this way, the learner can grasp the subject more quickly and permanently. These similarities appear as a common communication tool of different cultures in many parts of the Indian subcontinent today. The cultural diversity of the Indian subcontinent has greatly contributed to the development of the Urdu language. For example, in the Old Turkic phase, words from foreign languages such as Mongolian, Chinese, Sogdian, Sanskrit, and Turkish entered the field of use of these foreign languages. With the acceptance of Islam by the Turks in the 10th century, structures belonging to Arabic and Persian entered Turkish, and the interaction between Turkish and this Urdu language increased even more. Arabic and Persian in the Indian subcontinent was initially used by non-Muslim Arab traders, and then later adopted by Muslim Arabs and Turks. After the acceptance of Islam, Turks started to use the Arabic alphabet, which also affected the Urdu language. Urdu, which belongs to the Indo-European language family, is the national / official language of Pakistan, as well as the second official language in the states of Jammu Kashmir, Uttar Pradesh and Telengana. Urdu is also spoken by immigrants living in many countries including England, America, Canada and European countries. The formation process of the Urdu language was impacted by several local Indian languages such as Prakrit, Punjabi, Siraiki, and Baloch. In addition to influences from many local Indian languages, other non-local languages such as Arabic, Persian, Turkish, and English also impacted Urdu at different points in time due to migration to India. One of the most important contributions to the development of Urdu was the Indo-Turkish Empire, which was founded in 1526 and lasted

until 1857. During the Indo-Turkish Empire, Urdu was considered the common language of India. As Turks came to India and leaders of Turkish origin maintained military presence in the region, Turks introduced various elements of their language and culture, which inevitably interacted with the common Urdu language. After the Indo-Turkish Empire ended in 1857, English increasingly began to influence Urdu. Over the centuries, many grammatical elements from Arabic and Persian have been transferred to Turkish and Urdu under the influence of the religion of Islam. In addition to meeting the social needs of the people as a common language, as the Urdu language also was used and incorporated in poetry, especially in religious and moral teachings in this period. Common vocabulary and grammatical similarities play an important role in the interaction between languages, and the basis of grammar is assumed as well as the concepts of text and discourse in learning a language. Although the language family is different, some words have morphological and semantic similarities. In addition to Turkish-Urdu dictionary studies, literature review shows that comparative language studies between Turkish and Urdu languages are made on common words, idioms and proverbs, particularly at the graduate level. Some suffixes, exclamations and conjunctions are used in both Urdu and Turkish, although they may have either different spellings and the same meanings, or same spellings with the same meanings. Because the Arabic alphabet is used in Urdu, there are exclamations and conjunctions with the same pronunciation and meaning (homophonic / homophones) with Turkish, although their spellings are different. It has been revealed by studies that common words used today in both Turkish and Urdu languages have historical ties, are mostly of Arabic and Persian origin, and possess some grammatical structures that are also borrowed from Arabic and Persian. This study focuses on the semantically related sentences used in both the Turkish and Urdu languages, specifically common conjunctions that connect concepts and common interjections that describe emotional states or reflect a sound of nature. The example sentences given in the tables attempt to draw attention to both sound and meaning changes. Common language and cultural similarities have emerged as a result of the various interactions between Turkey and India despite differences in geography and the number of people who speak the respective languages. Observed language similarities have been effective in comparing both languages. For example, shared conjunctions such as *but,ever,because* (لکین, مگر, اگر, چنکہ) and interjections such as *ah, uf, hay Allah, alas, well done, maşallah* (!آہ, ! اف!, ہائے اللہ!, ہیہات!, آفرین!, ماشا ء اللہ) are used in both languages and have the same meaning in both.

In addition, although some conjunctions are used in the same sense, it has been determined that there are differences in pronunciation. For example, the word واہ واہ! (vâh vâh) has connotations of happiness, joy and appreciation when

used in Urdu sentences but gives the meaning of sadness in Turkish. Some conjunctions used in Urdu language are similar to Turkish in terms of pronunciation, but they have undergone a semantic shift, producing a different meaning. For example, "بلکہ" is the same in pronunciation, but differs in meaning because it is used to mean "on the contrary, even" in Urdu language. In addition, classification of these language similarities was determined by analyzing similarities in form, structure, sound, syntax and meaning, and then justified using relevant examples.

داخلہ

حال حاضر میں دنیا میں بولی جانے والی زبانوں کی حتمی تعداد کا اندازہ لگانا انتہائی مشکل ہے مگر محققین کے مطابق یہ تعداد اوسطاً 3000 سے 5000 کے قریب ہو سکتی ہے (Aksan,2007, s.101 ). دنیا میں پائی جانے والی زبانیں ایک دوسرے سے کتنی ہی مختلف کیوں نہ ہوں ان کے درمیان کچھ نہ کچھ قربت ضرور پائی جاتی ہے۔ یہ قربت طرز، ساخت، الفاظ کی مماثلت اور تاریخی ارتقاکی ذیل میں پائی جاتی ہے اور اس کا تجزیہ عام طور پر دو پہلوؤں سے کیا جاتا ہے۔

1۔ ساخت (مارفالوجی)

2۔ نقطہ آغاز (برادری)



تحریری ترکی زبان کا تجزیہ تین ادوار میں کیا جاتا ہے جو پرانی ترکی زبان، وسطی ترکی زبان (شمال مشرقی ترکی زبان) اور مغربی ترکی زبان کے ادوار پر مشتمل ہیں۔ مغربی ترکی زبان ترکی کی سرکاری زبان ہے جو لاطینی رسم الخط میں لکھی جاتی ہے اور ترکی کے ساتھ قبرص اور یورپ میں بولی جاتی ہے، جبکہ شمال اور مشرق میں آذربائیجان، قازقستان، کرغیزستان، ازبکستان، ترکمانستان، تاجکستان اور مشرقی ترکستان کی اقوا م وہاں بولی جانے والی ترکی زبان کو روسی، عربی اور لاطینی رسوم الخط میں لکھتے ہیں(Banguoğlu,1986,s.14-18).

تاریخی طور پر ترک لوگ ایشیا ، یورپ اور برصغیر کے وسیع علاقوں میں پھیل گئےاور مختلف اقوام کے ساتھ ان کے میل جول کی وجہ سے ترکی زبان کا دنیا کی دوسری زبانوں سے ربط اور تعامل پیدا ہوا۔ اس تعامل کے دوران باہمی الفاظ کا تبادلہ ناگزیر تھا جس کے نتیجے میں ترکی زبان میں مزید وسعت اور جامعیت پیدا ہوئی۔ پرانی ترکی زبان کے دور میں منگولی، چینی، سغدئی اور سنسکرت جیسی غیر ملکی زبانوں سے درآمد شدہ الفاظ کے ترکی زبان میں شامل ہونے کے ساتھ ساتھ ترکی زبان سے بھی بہت سارے الفاظ ان زبانوں کے حلقہ استعمال میں نفوذ ہوگئے۔ دسویں صدی عیسوی میں ترک لوگوں کے قبول اسلام کے ساتھ عربی اور فارسی زبان کی ساخت اور اصلاحات ترکی زبان میں شامل ہوگئیں اور ان زبانوں کا ترکی زبان سے ربط اور تعامل اور زیادہ گہرا ہوگیا۔ترکی اوراردو زبان کے مابین پائی جانے والی مماثلت کی ایک بڑی وجہ بھی یہی ہے -

برصغیر میں مختلف ادوار میں قائم ہونے والی ترک سلطنتوں نے اردو زبان کے ارتقا و فروغ میں بہت اہم کردار ادا کیا۔ بلاشبہ اس سلسلے میں اسلام کے اثر کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ نتیجتاً ، ترکی اور اردو زبان کے درمیان بہت زیادہ مماثلت پائی جاتی ہے۔ زیر نظر تحقیقی کام میں ترکی اور اردو زبان کا باہمی ربط اور استعجابیہ الفاظ میں پائی جانے والی مطابقت کو موضوع سخن کیا گیا ہے۔

برصغیر میں عربی اور فارسی زبانوں کا آغاز قبل اسلام کے عرب تاجروں سے شروع ہوا اور پھر مسلمان عرب، وسط ایشیائی اور ترک سلاطین کے ادوار میں یہ زبانیں زیادہ تیزی کے ساتھ پھیلنا شروع ہو گئیں۔ قبول اسلام کے بعد ترک لوگوں نےترکی زبان کوعربی رسم الخط میں لکھنا شروع کردیا۔ اس وجہ سے ترکی کا اردو سے باہمی ربط زیادہ گہرا ہوگیا۔

1- تاریخی ربط

اورال آلتائی لسانی خاندان سے تعلق رکھنے والی ترکی زبان او ر ایک قطعی مختلف ہند یورپی خاندان میں شامل اردو زبان کے مابین پائی جانے والی ہم آہنگی اور مماثلت کی بنیاد طویل تاریخی تعامل اور ربط میں مضمر ہے۔ ترکی اور اردو زبان پر مذہب اسلام کا دیرینہ اور گہرا اثر ان دونوں زبانوں میں کئی ایک تبدیلیوں کا باعث بنا۔ مثال کے طور پر ترکی زبان ایک عرصہ دراز تک عربی رسم الخط میں لکھی جاتی رہی۔ اسی طرح برصغیر میں اردو اور ہندی زبان میں پائے جانے والے فرق کی اصل بنیاد بھی رسم الخط ہی سمجھی جاتی ہے۔ اردو زبان عربی رسم الخط میں جبکہ ہندی زبان دیوناگری رسم الخط میں لکھی جاتی ہے۔



برصغیر پاک وہند میں اسلام کا آغاز عرب تاجروں سے ہوا اور اس کے بعد پے در پے فتوحات کے نتیجے میں مختلف اسلامی سلطنتیں وجود میں آئیں جن میں سے اکثر وسط ایشیائی علاقوں کے ترکی النسل حکمرانوں کی طرف سے تشکیل دی گئیں۔ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اگر ترکی النسل سلاطین ہندوستان میں غلبہ حاصل نہ کرپاتے تو آج موجودہ اردو زبان کا وجود بھی شاید نہ ملتا۔ اس لیے اردو زبان کی تشکیل اور ترویج میں ترکی النسل افراد کا برصغیر میں قیام اور تعامل بہت اہمیت کا حامل سمجھا جاتا ہے۔ لیکن اس دور میں عربی زبان علم و فن کی زبان جب کہ فارسی زبان ادبی اور سرکاری زبان کی حیثیت سے زیادہ اہمیت کی حامل سمجھی جاتی تھیں جس کے باعث ترکی زبان کا اثر کافی محدود ہو گیا۔

ہند یورپی خاندان سے تعلق رکھنے والی اردو زبان پاکستان میں قومی زبان کی حیثیت رکھتی ہے۔موجودہ دور میں اردو زبان پاکستان اور ہندوستان سمیت برصغیر کے بہت سارے علاقوں میں کثرت سے استعمال کی جاتی ہے اور دنیا کی تیسری سب سے زیادہ بولی جانے والی زبان میں شامل ہے(Soydan,2004, s.2)-اردو زبان کی تشکیل میں سب سے پہلا اور اہم کردارا ''پراکرت' ' زبان کا ہے جو برصغیر کی مقامی قدیم زبانوں میں سےایک اہم زبان کے طور پر جانی جاتی ہے(Eşref, Soydan, 2012, s.7)- حال حاضر میں بولی جانے والی اردو زبان کے اندر برصغیر کی مختلف مقامی زبانوں (پنجابی، سرائیکی، سندھی، بلوچی وغیرہ) کے ساتھ ساتھ عربی ، فارسی اور ترکی کے کئی الفاظ

کی جھلک بھی دکھائی دیتی ہے۔ ان زبانوں کے علاوہ سنہ 1857 کے بعد اردو پر انگریزی زبان کا بھی کافی اثر پڑنا شروع ہوگیا۔

اردو زبان کی تعمیر و ترقی میں برصغیر پاک و ہند کی مختلف النوع ثقافت کا بھی بہت اہم کردار رہا ہے۔ برصغیر کا یہ ثقافتی تنوع مختلف بیرونی اقوام کی یہاں پر آمد اور تعامل کے مرہون منت ہے۔ برصغیر میں بیرونی اقوام میں سب سے پہلے آریائی قوم کے لوگوں کی آمد ہوئی۔ان لوگوں کی زبان ہند یورپی خاندان کی آریائی شاخ کہلاتی ہے جسے ہند ایرانی شاخ کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ یہ شاخ آگے چل کر ہند اور ایرانی دو شاخوں میں تقسیم ہو جاتی ہے۔ اس سلسلے میں سب سے قرین قیاس فکر کے مطابق ہند اور ایرانی شاخیں ایک زمانے تک ایشیا کے کسی خطے میں اکٹھی پروان چڑھیں جس کے بعد ان میں سے ایک شاخ ایران کی طرف جب کہ دوسری برصغیر کے شمال مغربی علاقوں میں پھیل گئی (Kaya,2005,s.22) ۔ برصغیر میں آریائی قوم کی صدیوں پر محیط آمد ورفت کے نتیجے میں سنسکرت اور پراکرت زبانوں کے مابین گہرا تعامل اور ہم آہنگی پیدا ہوگئی (Bulgur,2007,s. XV)۔ برصغیر میں پہلے آنے اور بسنے والے آریائی لوگوں کی بعد کے زمانے میں آنے والے آریائی لوگوں کے ساتھ جنگوں کے نتیجے میں زبان کے فرق کا اس بات سے پتہ چلتا ہے کہ پہلے سے موجود آریائی نئے آنے والے آریائی لوگوں کی پہچان کے لیے ''پساچی'' کا لفظ استعمال کرتے تھے جو ''شیطانی''، ''خون خوار'' اور ''وحشی'' کے معنوں میں لیا جاتا تھا (Urdu Lugat, C/4, 1982, s.37)۔ پساچی کے طور پر جانے گئے آریائی لوگوں کی بولے جانے والی زبان کو بھی ''پساچی'' ہی کہا جاتا تھا۔ یہ آریائی لو گ شمال مغربی پنجاب اور کشمیر سے لے کر سندھ کے زیریں علاقوں تک بڑھتے چلے گئے اور اس کے ساتھ ان کی زبان بھی ان علاقوں میں پھیلتی گئی۔ آریائی قوم کے بعد آبھور قوم کی آمد اور ''اپ بھرنش '' زبانوں کی ترویج نے بھی برصغیر کے ثقافتی تنوع میں خاطر خواہ اضافہ کیا۔ برصغیر میں آنے والی مختلف اقوام میں ترک قوم بھی شامل ہے( Bulgur, 2007,s.XVI)۔ آریائوں کے بعد برصغیر پر وسط ایشیا سے آنے والی مختلف اقوام کی حکومتوں کے نتیجے میں اس علاقے میں زبان و ثقافت کا گہرا امتزاج پیدا ہوگیا۔ برصغیر کی سیاسی، سماجی اور ثقافتی زندگی میں اہم کردار ادا کرنے والی ترک قوم کی اس علاقے میں آمد کا سلسلہ۴۰قبل مسیح میں کُشن سلطنت سے شروع ہوتا ہے (Eşref, Soydan, 2012, s.7)۔ اس کے بعد سنہ ۷۱۲ میں محمد بن قاسم کی قیادت میں عرب فوج کی سندھ اور ملتان میں فتح کے ساتھ اس علاقے میں عربی اور فارسی زبان کی ترویج شروع ہوئی۔ کچھ عرصہ کے بعد علاقے میں وسط ایشیا سے آنے والے ترکی النسل مسلمانوں کی تہذیب وثقافت کا اثر بھی جھلکنا شروع ہوا۔وسط ایشیا کے ترکوں میں سے الپ تیگن کی غزنی میں سکونت نے ترکوں کا برصغیر کی طرف راستہ ہموار کر دیا۔ الپ تیگن کے بعد اس کے بیٹے سبوق تیگن اور پھر پوتے محمود غزنوی کی طرف سے ہندوستان پر پے در پے مہم جوئی سے برصغیر کے شمال مغربی علاقوں پر ترکوں کا اثر کافی گہرا ہوگیا (Eşref ve Soydan,2012,s.7)۔ایک پاکستانی تاریخ دان کی طرف سے محمود غزنوی کی ہندوستان میں آمد کا ایک عرصے تک جاری رہنے والے اصلاً ''ماوراٗالنہر'' ثقافتی انقلاب کےپیش خیمے کے طور پر تجزیہ علاقے کے سیاسی، سماجی اور ثقافتی ڈھانچے میں ترک تہذیب و ثقافت کے دیرپا اثر کو واضح کرتا ہے(Eşref ve Soydan,2012,s.7)۔

ترکوں کے تعمیر کر دہ قلعے، مساجد، حمام، کتب مینار،تاج محل اور اس طرح کی قبل تعریف کی یادگاریں ترکی فن تعمیر کے اعلا نمونے ہیں۔ فن تعمیر کے نمونوں کے علاوہ ، یہاں کے ضرب المثال، مہاورات، خیالی قصوں، لطائف اور رسم و رواج میں بھی ، یہ باہمی اثرات محسوس کیے جا سکتے ہیں۔ ترکوں اور ہندوستانیوں کے درمیاں صرف تہزیب کی مماثلت نہیں بل کہ ان کی زبان کے قواعد کے لحاظ سے بھی مشابہت پائی جاتی ہیں۔(Bilik, 2018, s.181)

بر صغیر میں وسط ایشیا سے آنے والے حکمرانوں کے ادوار میں حکومتی و انتظامی اداروں کے تحت علاقے میں عربی، فارسی اور ترکی زبانوں کا اثر زیادہ تیزی سے پھیلنا شروع ہو گیا۔ ”اس دور میں اسلامی ثقافت علاقے کی اہم حاکم ثقافت بن گئی اور مسلمان حکمرانوں کے دور اقتدار میں فروغ پانے والی زبانوں اور ثقافتوں نے برصغیر پر دیرپا نقش قائم کیے (Bulgur, 2007,s. XVI). اس طرح مسلمانوں کی بولی جانے والی مختلف زبانوں کے درمیان ملاپ کا موقع بھی فراہم ہوا اور ایک نئی زبان کی ابتدا ہوئی۔ اس نئی زبان میں عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کے استعمال نے اس زبان کے زور بیاں کو نئی جامعیت بخشی (Bulgur, 2007,s.XVI; Eşref,Soydan,2012, s.7)۔ اس نئی زبان کو اردو کا نام دیا گیا۔ لفظ اردو ترکی زبان کے لفظ ''اوردو'' سے مشتق ہے(Türkmen,1991)۔

لفظ اردو ترکی یا تاتاری زبان سے متعلق ہے جو کسی ملک کی فوج یا فوج کے قیام و طعام(پڑائو) کی جگہ کو بیان کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے( Bulgur 2007 XVI۔ چنگیز حان کے جانشینوں کے لشکری قیام کی جگہ کو ''اردو ِمعلیٰ'' کہا جاتا ہے (Bulgur 2007,s. XVII; Eşref ve Soydan 2012, s. 7)۔ اردو لفظ کا مفہوم: مرکزِ حکومت دارلخلافہ یا چھاوَنی، بادشاہ کا محل یا وہ شہر یا خیمہ جہاں بادشاہ مقیم ہو تا ہو، لشکرگاہ، لشکر،حرم، محلِ سلاطین، سردار (بیگ) کی رعایا یا اس کا ملک، لشکر، ملک کی ساری فوج (*Army*)

(Özcan,2012,s.26 , Zaidi,2019,s. 42)۔

غزنوی سلطنت اور اس کے تسلسل دہلی سلطنت میں اردو زبان کو برصغیر کے شمال سے لے کر پنجاب اور گجرات کا پھیلنے کا موقع ملا۔ اس زبان کی ترقی و ترویج میں سنہ 1526 میں تشکیل پانے والی مغل سلطنت (ہند ترک سلطنت) نے ایک اہم سنگ میل کا کردار کیا۔ سرکاری طور پر سنہ 1857 تک قائم رہنے والی مغل سلطنت کے دور میں اردو زبان پورے ہندوستان کی عام زبان بن چکی تھی۔ اس دوران اردو زبان نہ صرف سماجی و سیاسی معاملات میں ذریعہ اظہار بن گئی تھی بل کہ دینی و اخلاقی تعلیم و تربیت اور شعر و سخن میں بھی اس کا استعمال نا گزیر سمجھا جاتا تھا۔

اردو زبان کا ترکی کے ساتھ تاریخی رشتہ ہے، اس لیے استعمال کے لحاظ سے دونوں زبانوں میں بہت سی مماثلتیں ہیں کہ ان میں سے گرامر اور مشترک الفاظ بہت قابل قدر ہیں۔ "ترکی میں ایک بہت بڑا مقام رکھنے والے حرف عطف؛ وہ گرامر کے عناصر ہیں جو الفاظ، جملے، جملے، اور بعض اوقات عبارت کو شکل اور معنی کے لحاظ سے جوڑتے ہیں، اور ان کے بیان کردہ افعال اور ان الفاظ کے درمیان مختلف معنوی تعلق قائم کرتے

ہیں جن سے وہ جڑے ہوئے ہیں" (Korkmaz, 2007,s. 923) - ترکی اور اردو زبانوں میں استعمال ہونے والے کچھ مشترکہ روابط یہ ہیں:

| جملے | ترکی | ٹرانسکرپٹ | اردو |
|---|---|---|---|
| بانو روٹی نہیں لے سکی چوں کہ دکان بند تھی۔ Banu roṭī nehīň lē sakī çunkih dukān band thī. Banu ekmek alamadı çünkü dükkân kapalıydı. | çünkü | çunkih | چوں کہ |
| اس نے کہا کہ میں بہت مصروف ہوں۔ Us nē khā keh mēň bahut maṣrūf hūň. O dedi ki ben çok meşgulüm. | ki | keh | کہ |
| محنت کرو تاکہ کامیاب ہوسکو۔ Miḥnet karū tākeh kāmiyāb hō sakū. Çalış ta ki başarılı olabilesin. | ta ki | tākeh | تاکہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| آپ نے بتایا لیکن میں نے نہیں سنا۔<br><br>Āp nē batāyā leykin mēň nē nehīň sunā.<br><br>Siz söylediniz lakin ben duymadım. | lakin | leykin | لیکن |
| اگر آپ پاکستان جانا چاہتے ہیں تو اردو سیکھیں۔<br><br>Agar āp Pākistān cānā çahtē heň to Urdu sīkhēň.<br><br>Eğer Pakistan'a gitmek isterseniz, Urdu öğrenin. | eğer | agar | اگر |
| وہ نہ چائے نہ کافی چا ہتی۔<br>Voh nah çā'ē nah kāfī çāhtī.<br>O ne çay ne kahve ister. | ne … ne | nah… nah | نہ….نہ |
| آج میں اسکول آیا ہوں مگر اسکول کی چھٹی تھی۔<br>Āc mēň iskūl āyā hūň magar iskūl kī çhuṭṭī thī. | meğer | magar | مگر |

197

| | | | |
|---|---|---|---|
| Bugün okula geldim meğer okul tatilmiş. | | | |
| خواہ یہ لو خواہ وہ لو۔ ẖuāh yeh lō ẖuāh vō lō. Ha bunu alın ha onu. | ha……ha | ẖuāh …. ẖuāh | خواہ.. خواہ |
| کل میں بیمار تھی، اس سبب سے دفتر نہیں جا سکی۔ Kal mēn̆ bīmār thī, is sabab sē defter nehīn̆ cā sakī Dün hastaydım bu sebeple işe gidemedim. | sebep | sabab | سبب |
| علی و بانو اکھٹے کھیل رہے ہیں۔ Ali o/u/ve Banu ikaṭṭhē khēl rahē hain̆. Ali ve Banu birlikte oyun oynuyorlar. | ve | ve | و |
| میں آج یا کل آوں گا۔ Mēn̆ āc yā kal āun̆ gā. Ben bugün ya da yarın geleceğim. | ya da , ister | yā | یا |

198

| | | | |
|---|---|---|---|
| صوبہ پنجاب کا نام پنج + آب سے ماخوذ ہے یعنی پانچ دریاؤں کی سر زمین ۔ Ṣūbah-i Pencāb kā nām panç + āb sē māḫūẕ hai ya‘nī panç deryāōň kī serzamīn. Pencap eyaletinin adı beş + su'dan oluşur yani beş nehrin bulunduğu yer. | yani | ya‘nī | یعنی |

حرف ِربط اور فجائیہ جملوں کی مدد سے خوشی، ڈر اور خوف، درد، غصہ اور حیرت کے اچانک مواقع پر اپنے جذبات کے اظہار کے ساتھ ساتھ بعض قدرتی آوازوں کو بھی نقل کیا جاسکتا ہے۔ ترک ادارئہ زبان کی طرف سے شائع کردہ فرہنگ ترکی میں استعجابیہ الفاظ کی وضاحت کچھ یوں کی گئی ہے، ’’ مختلف جذبات کے اظہار یا قدرتی آوازوں کے بیان کرنے کے لیے استعمال ہونے والے الفاظ یا آواز مثلاً آہ! ، اوہ!، شق !، چٹ! وغیرہ (www.tdk.gov.tr)۔تحسین بنگو اوغلو فجائیہ اظہار کے بیان میں لکھتے ہیں کہ ، ’’کسی جذبے کو زندہ شکل میں زبان پر لانے اور بعض اوقات اکیلے میں بیان کرنے اور کسی کو آواز دینےکے لیے استعمال ہونے والے الفاظ و تراکیب فجائیہ اظہار کہلاتے ہیں(Banguoğlu, 1990,s.396)۔ زینب قورقماز کے مطابق بولنے والے کے مختلف جذبات و احساسات جیسے خوشی، غم، ڈر اور حیرت کےمختصر مگر پر اثر اظہار، بیان یا پکار کے لیے استعمال ہونے والے فجائیہ اظہار کہلاتے ہیں مثلاً آ!، اے!، آہ!، آئے!، ائے!، یا!، ہاہ!، واہ! وغیرہ (Korkmaz, 1992, s.15.)۔



2۔ ترکی زبان اور اردو کے درمیان مشترک فجائیہ اظہار

2.1۔ پشیمانی اور افسوس کے بیان میں مستعمل مشترک الفاظ

۲،۲۔ خوشی کے بیان میں مستعمل مشترک الفاظ

2.3۔ آواز دینے کے بیان میں مستعمل مشترک الفاظ

2.1.۔ پشیمانی اور افسوس کے بیان میں مستعمل مشترک الفاظ

| ترکی | ٹرانسکرپٹ | اردو |
|---|---|---|
| ah! | ah | آہ ! |
| vah! | vāh | واہ ! |
| uf! | uf ! | اف! |
| heyhat ! | heyhat! | ہیہات! |
| O! | aū ! | اوہ ! |
| hay/hay Allah! | hāe-hāe Allah | ہائے اللہ !/ ہائے |
| ay! | aīy | آئے |

2.2- خوشی کے بیان میں مستعمل مشترک الفاظ

| ترکی | ٹرانسکرپٹ | اردو |
|---|---|---|
| ahaha!, müthiş!, ne güzel! | ahāhā | اہاہا! |
| ho ho ho!, of! | ôhoho! | اوہوہو! |

| | | |
|---|---|---|
| vay vay! | vāh vāh | !واہ واہ |
| maşallah! | maşallah | !ماشا ء اللہ |
| aferin! | âfrîn | !آفرین |
| aferin oğlum! | âfrîn beyṭâ! | !آفرین بیٹا |

2.3- کلماتِ ندا اور آواز دینے کے بیان میں مستعمل مشترک الفاظ

| ترکی | ٹرانسکرپٹ | اردو |
|---|---|---|
| Ey! | ey! | !اے |
| Ya! | yâ! | !یا |
| Merhaba! | merhabâ | !مرحبا |
| Yarabbi! | yâ Râb | !یا راب |
| Ya Allah'ım! | yâ Allah | !یا آللہ |
| Ey çocuklar! | êy baççô! | !اے بچو |
| Ey efendiler/beyler! | êy sahibô! | !اے صاحبو |
| Ey kardeşlerim! | êy bhâiyô! | !اے بھائیو |
| Ey çocuk! | êy baççê! | !اے بچے |
| Ey oğul! | êy beyṭâ! | !اے بیٹا |

## خاتمہ

اردو زبان اور ترکی میں فجائیہ اظہار مماثلت کے علاوہ فرق بھی ہے۔ واہ واہ! ( vâh vâh) اردو جملے میں خوشی، مسرت اور تعریف کے معنی شامل کرتے ہوئے؛ یہ ترکی میں اداسی کے معنی دیتا ہے۔

اردو کا ترکی زبان سے گہرا تاریخی تعلق رہا ہے جس کے باعث میدان استعمال میں ان دونوں زبانوں کے درمیان بہت ساری مماثلت پائی جاتی ہے۔ موجودہ دور میں بھرپور اظہار بیان کی حامل ترکی زبان میں اردو زبان سے ملتے جلتے کافی الفاظ و تراکیب خصوصاً حرفِ ربط اور فجائیہ اظہار استعمال کیے جاتے ہیں۔ اردو زبان برصغیر پاک و ہندکے وسیع علاقے میں پائی جانے والی مختلف ثقافتوں کے باہمی ربط کے لیے استعمال ہونے والی ایک اہم زبان ہے جس کا ترکی زبان سے دیرینہ تاریخی ربط اس بات سے واضح ہوتا ہے کہ اردو بذات خود ترکی زبان کا ہی ایک لفظ ہے۔ اردو اور ترکی زبان کے زبان میں استعجابیہ الفاظ کے علاوہ زبان کے مختلف اسالیب اور تراکیب میں بھی کئی ایک مماثلت پائی جاتی ہے۔ اسلامی ثقافت کے اثرات کے باعث ان دونوں زبانوں پرعربی اور فارسی زبان کے بہت سے عناصر اثر انداز ہوئے اور ان کا حصہ بن گئے۔ یہی عناصر ترکی اور اردو زبان کے مشترکہ عناصر کے طور پر جانے جاتے ہیں۔

## Kaynakça / حوالہ جات


Aksan, D. (2007). *Her yönüyle dil ana çizgileriyle dilbilim* (4. bs, C. 1). Ankara: TDK Yayınları.

Banguoğlu, T. (2015) *Türkçenin grameri,*Ankara: TDK Yayınları.

Bilik, N. (2018), "*Turki aur Urdu kē dermiyān tahẕībī lisāni rivāyet,"* Selçuk Üniversitesi Edebiyat Fakültesi Dergisi, (39), 181-188. DOI: 10.21497/sefad.444490 s. 181.

Bulgur, D. (2007), *Urdu dili ve grameri*, Konya: Tablet Yayınları.

Eşref, A. B. & Soydan, C. (2012), *Urduca-Türkçe, Türkçe-Urduca sözlük,* Ankara: TDK Yayınları.

Kaya,K. (2005*), Hindistan'da diller*,Ankara : İmge Kitapevi.

Korkmaz, Z. (1992), *Dilbilgisi terimler sözlüğü,* Ankara : TDK Yayınları.

Özcan, B.A. (2012), *Doğu kültüründe anlatı geleneği Urdu Nesri,* Ankara: Pelin Ofset.

Soydan, C. (2004) *Urdu dilinin Türk asıllı efsane şairi Mirza Esedullah Han Galib*, Ankara: Hece Yayınları.

Türkmen, E. (1991), *Urduca el kitabı,* Konya: Selçuk Üniversitesi.

Urdu Lugat, Book 4, (1982), *Urdu lügat tarihi usul par,* Karaçi.

Zaidi, Ş. (2019), *Urdu zuban ka lisaniyaati tecziyah,* Karaçi: City Book Point.

(www.tdk.gov.tr) 03.02.2023 tarihinde erişim sağlanmıştır.